سوال

(309) خطبہ کا دورانیہ اور ظہر وجمعہ کی نماز کا اصل وقت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز ظہر اور نماز جمعہ کا ان دنوں میں صحیح وقت کون سا ہے اور جمعہ کا خطبہ کتنے وقت کا ہونا چاہیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز ظہر اور نماز جمعہ کا وقت زوال الشمس سے شروع ہو کر فئ زوال نکالنے کے بعد ایک مثل سائے تک ہے رسول اللہ ﷺ کے خطبہ جمعہ کے متعلق حدیث میں آتا ہے آپ دو خطبے دیتے دونوں کے درمیان بیٹھتے ان خطبوں میں آپ ﷺ قرآن مجید کی تلاوت فرماتے لوگوں کو وعظ تذکیر نصیحت کرتے اور دعا فرماتے معلوم ہے آپ کے خطبات اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا پر بھی مشتمل ہوا کرتے تھے صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ ﷺ خطبہ جمعہ میں سورۃ ق والقرآن المجید تلاوت فرماتے تھے ۔ (کتاب الجمعۃ صحیح مسلم) تو آپ اس سے رسول اللہ ﷺ کے خطبہ جمعہ کا اندازہ لگا سکتے ہیں باقی آپ ﷺ کے خطبہ جمعہ کا وقت منٹوں میں محدود صورت میں مجھے تو کہیں نہیں ملا ہاں رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے : «اِنَّ طُوْلَ صَلٰوةِ الرَّجُلِ وَقِصَرَ خُطْبَتِهِ مَئِنَّةٌ مِنْ فِقْهِهٖ» ''آدمی کی نماز کا لمبا ہونا اور اس کے خطبہ کا چھوٹا ہونا اس کی سمجھداری کی علامت ہے'' (صحیح مسلم کتاب الجمعۃ باب تخفیف الصلاۃ والخطبۃ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص 237

محدث فتویٰ